HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# EFU TAKAFUL
# ACCELERATED SAVING PLAN

**ENSURE A BRIGHTER FUTURE BY INVESTING WEALTH TODAY!**

# EFU Takaful Accelerated Saving Plan

We all work hard to fulfill our dreams and that of our loved ones. However, change in time also asks for new needs and dreams for which deep financial resources is ever so necessary to make those dreams into reality. Hence it is wise to save for our future needs now when we have golden opportunity of investing our accumulated savings. EFU Life Assurance recognizes your needs and brings the best chance of investing your savings by providing a financial solution in the form of a valuable savings plan, underwritten by EFU Life – Window Takaful Operations, by which you will have sufficient financial resources at the right time to be able to fulfill your dreams.

EFU Takaful Accelerated Savings Plan is an investment-linked takaful product with a lump sum payment, Shariah compliant, higher allocation unit linked Takaful plan, which provides an easy way to invest your savings at once and in return get high investment benefits with complete peace of mind of not paying yearly contributions. EFU Takaful Accelerated Savings Plan offers attractive allocation structure for those customers who want to invest all their savings in lump sum to get early breakeven with significant growth and a higher death benefit as compared to other plans available in the market.

EFU Takaful Accelerated Savings Plan has been reviewed and approved by the Shariah Advisor of EFU Life-Window Takaful Operations, Mufti Muhammad Ibrahim Essa who is prominent scholar from Jamiah Dar Ul Uloom Karachi and has a vast experience of Islamic Finance and Takaful.



## Disclosure of Product:

**This is a Family takaful product which has two distinct elements i.e., Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you decide to cancel your membership within fourteen days of receiving the membership document, you are entitled for a full refund of Contribution as a benefit less any expenses incurred by EFU Life - WTO in connection with our medical or clinical examinations**

## Opportunities for Growth:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| **EFU Takaful Growth Fund** | **EFU Takaful Conservative Fund*** | **EFU Takaful Aggressive Fund** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Categorization: Income Fund** | **Fund Categorization: Aggressive** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: High** |
| A unit-linked Participants' Investment Account (PIA) comprising Shariah-Compliant investments. The objective of the fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks, and Sukuk Bonds | EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Account (PIA) comprising Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah coplant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks. The fund aims to provide stable investment returns with minimal risk and is suitable in times of the volatile stock market | A unit-linked Participants' Investment Account (PIA) comprising Shariah-Compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

**Multiple Funds Option:** Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in the multiples of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.


*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default

# What is Takaful?

Takaful is a Shariah compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. A Takaful product assists participants to share their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality and solidarity for the common good.

## How does the Takaful Membership operate?

EFU Life's Takaful model is founded on the Wakalah-Waqf principle. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect themselves against future financial losses. The following pictorial representation summarizes how your Takaful membership will operate with EFU Life - WTO:




## What is Surplus Sharing?

Takaful offers a unique feature of Surplus Sharing to the Participants in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) into the Participant's Takaful Fund (PTF), the participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Life –Window Takaful Operations will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.

## What are the benefits of Surplus Sharing?

A part of the surplus may be distributed back to the participant in the form of Bonus Units through additional unit allocation in the Participant's Investment Account (PIA). These Bonus Units will enhance the Cash Value of your Takaful plan.

# Waqf Donation:

Waqf Donation, which depends on the Takaful cover and age of the Participant, will be transferred from Basic Plan Contribution into Participants Takaful Fund (PTF).

# Benefits:

## Death Benefit:

This product has a unique feature of Death Benefit, where the Participant will be dual benefit of sum covered and cash value in Participant Investment Account. It means, on the unfortunate event of death the following benefit will be payable:

• SUM of Sum Covered and Cash Values of units against Main plan contribution

Plus

• The Cash Value of units against FAC payments (If any)

**Maturity Benefit:**

At the end of the membership term and whilst the participant is alive, the maturity benefit will be payable as follows:

The Basic Cash Value of the Participant's Investment Account (PIA)

## Sum Covered:

The sum covered will be determined as:

• Sum Covered = Annual Contribution*Plan Term

## Optional Benefits:**

### Takaful Accidental Death Benefit:*

In case of accidental death of the participant, this rider provides an additional lump sum benefit.

### Takaful Accidental Death and Disability plus Benefit:*

This rider provides an additional lump sum benefit in case of an accidental death or disability (permanent & total) that makes you permanently disabled.

***Any one of the two accidental riders mentioned above can be selected.**

**Please note the annual contributions of riders shall be paid at the start of the policy in Lump Sum.

## Unit Allocation:

Year-wise allocation percentages of the participant's contribution are shown in the table below:

| Year | Allocation | Allocation Charges* |
|---|---|---|
| Year 1 | 65% | 35% |
| Year 2 | 80% | 20% |
| Year 3 - 10 | 105% | 0% |

100% of FAC payments are allocated to purchase units in the selected fund.

***Allocation Charges will be deducted from the Paid Contribution every year as per the above table and the remainder will be allocated to the PIA.**

## Fund Acceleration Contribution (FAC):

In case the Participant has extra funds available, the plan provides the flexibility to channel these to the Plan and provide a boost to the savings. These lump sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC) and can be paid anytime during the year where policy is active.

The minimum FAC payable is PKR 20,000 per payment.

## Complete and Partial Surrender:

WTO will charge an additional Wakalat-ul-Istismar fee equivalent to 50% of the total cash value in case of surrender before payment of two full-year contributions. At the time of withdrawal, you will be paid the full cash value of your fund. However, withdrawal in early membership years may result in lower cash value. A facility for partial withdrawls is also available subject to Rs. 20,000 remaining in the fund if the customer ops for complete surrender, all units will be encashed and the plan will be terminated.

## Indexation:

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the benefits provided by your plan will be automatically updated in line with inflation every year regardless of your health. Once you select this option, contributions will increase every year by 5% of the initial contribution with an appropriate increase in benefits.

## Claim:

In case of an unfortunate event, you may file your claim intimation through any Dubai Islamic Bank Pakistan Limited Branch walk in, visiting the EFU Head Office or by visiting any of the EFU branches in the country. For a swift speedy process you may also call us at our call center (021-111-338-436) or simply visit our website, fill in the intimation form and email it to us at cod@efuhemayahtakaful.com. Thereafter, you will be contacted for next steps.

## Frequently Asked Questions:

### What is the Applicable age and tenure?

The participant should be between 18 and 60 years old. Term of the Takaful contract can vary between 15 to 20 years; subject to a maximum age of 75 at maturity.

### What the minimum contribution requirements?

For the participants the minimum contribution is 20,000.

### What are the charges?

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | Rs. 150 per month |
| Investment Management Charge | 0.125% of the fund value per month |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net contribution |
| Allocation charges | As per the above ''Unit Allocation'' table |
| Additional Wakalat-ul-Istismar fee | An additional Wakalat-ul-Istismar fee equivalent to 50% of the total cash value will be charged in case of surrender before payment of two full-year contributions. |

## Takaful Donation (Waqf Donation):

An age-based Takaful Donation applies for the Takaful cover each year and is dependent on the sum at risk. No Takaful Donation charges applies in years where the cash value exceeds sum covered.

## Wakalah Charge:

40% of the Takaful Donation.

## Disclaimer:

- This product is underwritten by EFU Life - Window Takaful Operations. It is not guaranteed or covered by Dubai Islamic Bank Pakistan Limited or its affiliates and is not a product of Dubai Islamic Bank Pakistan Limited. Hence EFU Life - Window Takaful Operations is responsible for all underwriting risk.
- Dubai Islamic Bank Pakistan Limited is just a promoter/ distributor and corporate takaful agent of this product to its valued customers.
- All Takaful Claims, charges and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life - Window Takaful Operations.
- The past performance of the fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither EFU Life - Window Takaful Operations nor Dubai Islamic Bank Pakistan Limited will incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our consultant. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various Terms and Conditions; you are required to fully understand the illustration and other terms and conditions of the plan.
- Service Charges and taxes will be applicable as per the Bank's schedule of charge and taxation laws as stipulated by relevant authorities.

EFU LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# SHARIAH COMPLIANCE CERTIFICATE
# UNDER RULE 26(1)(e) OF TAKAFUL RULES, 2012
# FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – **Window Takaful Operations**, I certify that I have reviewed the EFU Takaful Child Savings Plan marketed through Dubai Islamic Bank Pakistan Limited. It is based on the **Wakalah-Waqf** takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participants Membership Document.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **EFU Takaful Accelerated Saving Plan** of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, investment policy of the Takaful fund, relevant documents and processes are all Shariah compliant.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain membership in this product and benefit from it. And Allah knows the best

Dated: 30th June 2024

مفتی
محمد ابراہیم عیسی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

# EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efuhemayahtakaful.com

HEMAYAH

EFU FAMILY TAKAFUL



# ای ایف یو تکافل
# ایکسیلریٹیڈ سیونگز پلان

آج سرمایہ کاری کرکے ایک روشن مستقبل کو یقینی بنائیں

# ای ایف یوتکافل ایکسیلر یٹیڈ سیونگز پلان

ہم اپنے اور اپنے پیاروں کے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے بہت محنت کرتے ہیں۔ تاہم بدلتے ہوئے وقت کے ساتھ نئے خواب اور ضروریات پیدا ہوتی ہے جن کو پورا کرنے کے لئے مالی وسائل درکار ہوتے ہیں۔ یہ دانشمندی ہے کہ ہم اپنی مستقبل کی ضروریات کے لئے آج ہی بچت کریں جبکہ ہمارے پاس اپنی سرمایہ کاری کو جمع شدہ فنڈز میں لگانے کا موقع موجود ہے۔

ای ایف یو لائف اشورنس نے آپ کی اسی ضرورت کو جانتے ہوئے آپ کے لئے پیش کیا ہے اپنی بچتوں کی سرمایہ کاری کا بہترین مالی منصوبہ ایک قابل قدر سیونگز پلان کی صورت میں جو کہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے انڈررائٹ کی گئی ہے۔ اس کے ذریعے آپ کیپاس صحیح وقت پر اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے مناسب مالی ذرائع ہونگے۔

ای ایف یوتکافل ایکسیلر یٹڈ سیونگ پلان ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو کہ ایک یکمشت ادائیگی تکافل پلان ہے جو شرعی اصولوں کے مطابق، زیادہ ایلوکیشن اور یونٹ سے منسلک تکافل پلان ہے۔

جو آپکو ایک بار سرمایہ کاری کرنے کا ایک آسان موقع دیتا ہے اور اس کے بدلے میں آپکو زیادہ سرمایہ کاری فوائد کے ساتھ اس بات کا بھی ذہنی سکون فراہم کرتا ہے کہ آپکو ہر سال زرِ تکافل ادا نہیں کرنا پڑے گا۔

ای ایف یوتکافل ایکسیلر یٹیڈ سیونگز پلان بہترین ایلوکیشن کا سانچہ فراہم کرتا ہے ان

صارفین کے لئے جو اپنی یکمشت سالانہ سرمایہ کاری پر جلد بریک ایون کے ساتھ نمایاں نشو ونما اور زیادہ ڈیتھ بینیفٹ فراہم کرتا ہے ان تمام منصوبوں کے مقابلے میں جو مارکیٹ میں موجود ہے۔

ی ایف یوتکافل ایکسلر یٹیڈ سیونگز پلان ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر جناب مفتی محمد ابراہم عیسیٰ سے منظور شدہ ہے جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی سے فارغ التحصیل ایک مستند عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی مالیات اور تکافل کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔



## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):

**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**

## بڑھوتری اور نشو ونما کے لئے مواقع:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | | |
|---|---|---|
| ای ایف یوتکافل گروتھ فنڈ | ای ایف یوتکافل کنزرویٹو فنڈ * | ای ایف یوتکافل اگریسو فنڈ |
| فنڈ کی قسم: متوازن | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ | فنڈ کی قسم: اگریسو |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: زیادہ |
| یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے فروغ دینا ہے۔ | ای ایف یوتکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکوٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی حدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔ | یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ |


**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹیپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹیپل کے تحت منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔
***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرینِ شریعت کی زیرِ نگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپکے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں ہر مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹس کے ذریعے باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تاکہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شریک تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے شریک تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں حصے دار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قابلِ تقسیم سرپلس کا تعین کرے گی۔

## سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمایے کا ایک حصہ پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ اضافی یونٹس/بونس آپ کے پلان کی نقد مالیت پر بہ حیثیت مجموعی مثبت اثر ڈالتے ہوئے، اس میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## تبرع برائے وقف:

شریکِ تکافل کی عمر اور زرِ تحفظ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم پارٹیسپنٹس تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گی۔

## فوائد:

### فوائد بصورت فوتگی (ڈیتھ بینیفٹ):

اس پلان میں ڈیتھ بینیفٹ کی ایک انوکھی خصوصیت ہے۔ جس میں شریک تکافل کو سم کورڈ اور پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) کی نقد مالیت کے دو فوائد حاصل ہونگے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ناگہانی وفات کی صورت میں درج ذیل ڈیتھ بینیفٹ قابلِ ادا ہونگے:

سم کورڈ کا مجموعہ اور بنیادی پلان پر قابلِ اطلاق یونٹس کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

پلس

اضافی اختیاری کنٹریبیوشن کی نقد مالیت (اگر کوئی ہوں)

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبر شپ کی مدت کے اختتام پر ادا کئے جانے والا میچورٹی بینیفٹ درجہ ذیل ہے:

- پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

  پلس

- پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں اضافی اختیاری کنٹربیوشنز کی نقد مالیت (کیش ویلیو)

### سم کورڈ:

سم کورڈ کا تعین:

سم کورڈ = سالانہ زرِ تکافل * پلان کی مدت

### ضمنی فوائد**:

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ:***

حادثاتی وفات کی ضورت میں یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی بینیفٹ پلس:***

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

***ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ میں بس صرف ایک کا ہی انتخاب کیا جا سکتا ہے**

**سہولت کے تحت ضمنی فائدے کے سالانہ کنٹربیوشن پالیسی کے آغاز پر یکمشت ادا کئے جائے گے

### یونٹ کی ایلوکیشن:

شریک تکافل کے کنٹربیوشن کی سالانہ مختص کی جانے والی فیصد ذیل میں دی گئی ٹیبل میں دکھائی گئی ہیں:

| پالیسی سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 65فیصد | 35فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20فیصد |
| 3 سے 10 | 105فیصد | 0فیصد |

**فنڈ ایکسلریشن کنٹریبیوشن کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لیے مختص ہو گا**

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹریبیوشن / زرِ تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

## اضافی اختیاری کنٹریبیوشن (فنڈ ایکسلریشن کنٹریبیوشن):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو آپ اس رقم کو موجودہ پلان میں شامل کر کے اپنی جمع شدہ رقم میں اوراضافہ کر سکتے ہیں۔ اس یکمشت رقم کو اضافی اختیاری کنٹریبیوشن کہتےہیں اور اس کو دورانِ مدت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جاسکتا ہے۔کم از کم اضافی اختیاری کنٹریبیوشن 20,000 روپے ہے۔

اضافی اختیاری کنٹریبیوشن کی ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

دو سال کے مکمل کنٹریبیوشنز ادا کر دئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالتہ الاستثمار فیس چارج کرے گا۔دستبرداری کے وقت، آپ کو اپنے فنڈ کی کل نقد قدر ادا کی جائے گی۔البتہ، رکنیت کے ابتدائی سالوں میں نقد قدر کم ہونے کا نتیجہ ہوسکتی ہے۔جزوی دستبرداری فنڈ میں 20,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کر دیا جائے گا اور پلان کو ختم کر دیا جائے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

یہ پلان آپکو ذہنی سکون اور اس بات کا تحفظ فراہم کرتا ہے کہ آپکی صحت سے قطع نظر آپکے منصوبے سے ملنے والے فوائد خود بہ خود افراط زر کی شرح کے مطابق بڑھ جائے گے۔ایک بار جب آپ اس سہولت کا انتخاب کر لیتے ہیں تو کنٹریبیوشن ہر سال کے ابتدائی کنٹریبیوشن سے 5 فیصد بڑھے گا اور ساتھ ہی فوائد میں بھی مناسب طور پر اضافہ ہو گا۔

## دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع دبئی اسلامک بینک کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-436 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر دیجئے۔بعد ازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

### قابل اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟

شریک تکافل کی عمر 18 سے 60 کے درمیان ہونی چاہیے۔ البتہ، میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ تکافل کی مدت 15 اور 20 سال کے درمیان کم زیادہ ہو سکتی ہے، جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

### کم از کم کنٹریبوشن کی حدود کیا ہیں؟

شرکاء کے لئے کم از کم کنٹریبیوشن 20,000 روپے سالانہ ہے۔

### (اخراجات) چارجز کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
| --- | --- |
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 150 روپے ماہانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دیئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| اضافی وکالتہ الاستثمار فیس چارج | دو سال کے مکمل کنٹریبوشن ادا کر دیئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالتہ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

## تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن):

شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلو سم کورڈ (زرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔

- **وقف فنڈ سے وکالہ خرچ:**

تکافل عطیے کا 40 فیصد

## انتباہ:

- اس پروڈکٹ کی انڈر رائیٹنگ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کی گئی ہے۔ یہ دبئی اسلامک بینک یا اس سے وابستہ کسی بھی ادارے کی طرف سے ضمانت شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ دبئی اسلامک بینک کی پروڈکٹ ہے۔ چنانچہ ای ایف یو لائف کے انڈر رائیٹنگ تمام خطرے کے لئے ذمہ دار ہے۔
- دبئی اسلامک بینک اپنے قابل قدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے صرف بہ طور پروموٹر/تقسیم کار اور کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کام کر رہا ہے۔
- تکافل پالیسیوں سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، اخراجات اور ادائیگیوں کے انتظامات ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی مکمل اور مخصوص ذمہ داری ہونگے
- پلان میں کیئے گئے کنٹری بیوشنز فنڈز کی سرمایہ کاری فنڈز میں کی جاتی ہے۔
- فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی دبئی اسلامک بینک اس قسم کی کسی چیز کا ذمہ دار ہوگا
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کو فراہم کی جائے گی۔ ازراہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویز کا مطالعہ کریں؛ آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے
- سروس اخراجات اور ٹیکسیز کا اطلاق بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ اتھارٹیوں کی طرف سے مقررہ ٹیکس قوانین کے مطابق ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شرعیہ کمپلائینس سرٹیفکیٹ

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف ایشورنش لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے ای ایف یو تکافل ایکسیلریٹیڈ سیونگز پلان کا جائزہ لیا ہے جو کے دبئی اسلامک بینک پاکستان لمیٹڈ کے توصل سے تقسیم کیا جارہا ہے۔ یہ تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے اس مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بغور مطالعہ کیا ہے اور بحمداللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے۔ لہٰذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ - ونڈو تکافل آپریشنز کی مذکورہ اسکیم کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ تعالی اعلم

تاریخ: ۳۰ جون ۴۲۰۲

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شرعی مشیر

مفتی
محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: (021) 3453-7519 ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com